یہ بہت کھٹن ہے!

عزیز چھوٹا گلہ، خدا کا فضل اور شفقت آپ سب کے ساتھ ہوتی رہے! عزیز ہمیں ایک دوسرے کے بہت زیادہ دعا کرتے رہنے کی ضرورت ہیں کیونکہ بامطابق بائبل مقدس، اس سے بھی زیادہ مشکل آیام آنے کو ہیں۔ بے سکونی اور پریشانی ہمارے اطمنان میں خلل کا سبب بنتے ہیں۔ غیر متوقع مستقبل کا خوف ہمیشہ ہمارے دلوں میں رہتا ہے کہ آگے کیا ہوگا۔ کلام مقدس میں اس طرح کے آیام کے بارے میں پہلے ہی لکھا جا چکا ہے تاکہ جب وہ آیام ہمارے دور میں ہو ہمیں کسی حیرت کا شکار نہ ہوں۔ متی ۲۴:۳-۱۴۔ اور جب وہ زیتون کے پہاڑ پر بیٹھا تھا اُس کے شاگردوں نے الگ اُس کے پاس آکر کہا ہم کو بتا یہ باتیں کب ہونگی؟ اور تیرے آنے اور اس دنیا کے آخر ہونے کا کیا نشان ہوگا؟ یسوع نے جواب نے اُن سے کہا خبردار! کوئی تم کو گمراہ نہ کردے کیونکہ بہتیرے میرے نام سے آئیں گے اور کہیں گے میں مسیح ہوں اور بہت لوگوں کو گمراہ کریں گے اور تم لڑائیاں اور لڑائیوں کی افواہ سُنو گے خبردار گھبرا نہ جانا کیونکہ ان باتوں کا واقع ہونا ضرور ہے لیکن اُس وقت خاتمہ نہ ہوگا۔ کیونکہ قوم پر قوم اور سلطنت پر سلطنت چڑھائی کرے گی اور جگہ جگہ کال پڑیں گے اور بھونچال آئیں گے کیونکہ یہ سب باتیں مُصیبتوں کا شروع ہی ہونگی۔ اُس وقت لوگ تم کو ایذ دینے کے لیے پکڑوائیں گے اور تم کو قتل کریں گے اور میرے نام کی خاطر سب قومیں تم سے عداوت رکھیں گی۔ اور اُس وقت بہترے ٹھوکر کھائیں گے اور ایکدوسرے کو پکڑوائیں گے اور ایک دوسرے سے عداوت رکھیں گے اور بہت سے جھوٹے نبی اُٹھ کھڑے ہونگے اور بہتیروں کو گمراہ کریں گے بے دینی کے بڑھ جانے سے بہتوں کی محبت ٹھنڈی پڑ جائے گی مگر جو آخر تک برداشت کرے وہی نجات پائے گا اور بادشاہی کی اس خوشخبری کی منادی تمام دنیا میں ہوگی تاکہ سب قوموں کے لیے گواہی ہو تب خاتمہ ہوگا۔ آیات ۲۱-۲۵ کیونکہ اُس وقت ایسی بڑی مصیبت ہوگی کہ دنیا کے شروع سے نہ اب تک ہوئی نہ کبھی ہوگی۔ اور اگر وہ دن گھٹائے نہ جاتے تو کوئی بشر نہ بچتا مگر برگذیدوں کی خاطر وہ دن گھٹائے جائیں گے اُس وقت اگر کوئی تم سے کہے کہ دیکھو مسیح یہاں ہے یا وہاں ہے تو یقین نہ کرنا کیونکہ جھوٹے مسیح اور جھوٹے نبی اُٹھ کھڑے ہونگے اور ایسے بڑے نشان اور عجیب کام دکھائیں گے کہ اگر ممکن ہو تو برگذیدوں کو بھی گمراہ کرلیں۔ دیکھو میں نے پہلے ہی تم سے کہہ دیا ہے۔

پولوس رسول نے ایک خطرناک وقت کا اشارہ دیا ہے:

۲ تمتھیس ۳:۱-۵ لیکن جان رکھو کہ اخیر زمانہ میں دن بُرے آئیں گے کیونکہ آدمی خودغرض زردوست، شیخی باز، مغرور، بدگو، ماں اور باپ کے نافرمان، ناشکر، ناپاک، طبعی محبت سے خالی، سنگدل، تہمت لگانے والے، بے ضبط، تُند مزاج، نیکی کے دشمن، دغاباز، ڈھیٹھ، گھمنڈ کرنے والے، خدا کی نسبت عیش و عشرت کو زیادہ دوست رکھنے والے ہونگے۔ کیونکہ وہ دینداری کی وضع تو رکھیں گے لیکن اُس کے اثر کو قبول نہیں کریں گے ایسوں سے بھی کنارہ کرو۔

پھر اس تمام صورت احوال میں ہماری مدد کہاں سے آئے گی؟

استثناہ ۲:۳۶ لکھا ہے ایسا کوئی شہر نہیں تھا جس کو سر کرنا ہمارے لیے مشکل ہوا کیونکہ خداوند خدا نے سب کو ہمارے قبضہ میں کر دیا۔ ۲ سیموئیل ۲۲:۱۸ اُس نے میرے زورآور دشمن اور میرے عداوت رکھنے والوں سے مجھے چھڑا لیا کیونکہ وہ میرے لئے نہایت زبردست تھے۔ زبور

۳۵: ۱۰ میری سب ہڈیاں کہیں گی اے خداوند تجھ سا کون ہے جو غریب جو اُس کے ہاتھ سے جو اُس سے زورآور ہے اور مسکین اور محتاج کو
غارتگر سے چھڑا لے۔ زبور ۸۹: ۸۔۱۳ اے خداوند لشکروں کے خدا! اے یاہ، تجھ سا زبردست کون ہے تیری وفاداری تیرے چوگرد ہے
سمندر کے جوش وخروش پر تو حکمرانی کرتا ہے تو اُس کی اُٹھتی لہروں کو تھما دیتا ہے تو رہب کو مقتول کی مانند ٹکڑے ٹکڑے کیا تو نے اپنے قوی
بازو سے اپنے دشمنوں کو پراگندا کر دیا آسمان تیرا ہے زمین بھی تیری ہے جہاں اور اُس کی معموری تو تو ہی نے قائم کیا ہے۔ شمال اور جنوب کا
پیدا کرنے والا تو ہی ہے۔ تبور اور حرمون تیرے نام سے خوشی مناتے ہیں تیرا بازو قدرت والا ہے تیرا ہاتھ قوی اور تیرا دہنا ہاتھ بلند
ہے۔ یوحنا ۱۴: ۱۶۔۱۷ اور میں باپ سے درخواست کروں گا تو وہ تمہیں دوسرا مددگار بخشے گا کہ ابد تک تمہارے ساتھ رہے یعنی روح حق جسے
دنیا حاصل نہیں کرسکتی کیونکہ نہ اُسے دیکھتی ہے نا اُسے جانتی ہے تم اُسے جانتے ہو کیونکہ وہ تمہارے ساتھ رہتا ہے اور تمہارے اندر
ہوگا۔ عبرانیوں ۷: ۲۵ اسی لیے جو اُس کے وسیلے سے خدا کے پاس آتے ہیں وہ اُن کو پوری پوری نجات دے سکتا ہے کیونکہ وہ اُن کی
شفاعت کے لیے ہمیشہ زندہ ہے۔ عبرانیوں ۱۳: ۶ اس لیے ہم دلیری کے ساتھ کہتے ہیں کہ خداوند میرا مددگار ہے میں خوف نہ کروں گا انسان
میرا کیا کرے گا؟

ہمیں ایک دوسرے کی بھی مدد کرنی ہے۔

مسیح کا بدن ہونے کے ناطے ہمیں ایک دوسرے کی بھی مدد کرنی ہے۔ ۲ سیموئیل ۱۰: ۱۱ پھر اُس نے کہا کہ اگر ارامی مجھ پر غالب ہونے لگیں تو
تُو میری کمک کرنا اور اگر بنی عمون تجھ پر غالب ہونے لگیں تو میں آکر تیری کمک کرونگا۔ واعظ ۴: ۹۔۱۲ ایک سے دو بہتر ہیں کیونکہ اُن کی
محنت سے بڑا فائدہ ہوگا لیکن اُس پر افسوس جو اکیلا ہے جب وہ گرتا ہے کیونکہ کوئی دوسرا نہیں جو اُسے اُٹھا کھڑا کرے پھر اگر دو اکھٹے لیٹیں تو
گرم ہوتے ہیں پر اکیلا کیونکر گرم ہوسکتا ہے۔ اور اگر کوئی ایک پر غالب ہو تو دو اُس کا سامنا کر سکتے ہیں اور تہری ڈوری جلد نہیں ٹوٹتی
ہے۔ گلتیوں ۶: ۱۔۲ اے بھائیوں اگر کوئی آدمی کسی قصور میں پکڑا بھی جائے تو تم جو روحانی ہو اُس کو حکم مزاجی کے ساتھ بحال کرو اور اپنا بھی
خیال رکھ کہیں تو بھی آزمائش میں نہ پڑ جائے تم ایک دوسرے کا بار اُٹھاؤ اور یوں مسیح کی شریعت کو پورا کرو۔ افسیوں ۶: ۱۸ اور ہر وقت اور ہر
طرح سے روح میں دعا اور منت کرتے رہو اور اسی غرض سے جاگتے رہو کہ سب مقدسوں کے واسطے بلاناغہ دعا کیا کرو۔ یاد رکھیں عزیزو،
زندگی کے اُتار چڑھاؤ میں سے سب سے بڑی مدد اور بڑا کام جو ہم بطور ایماندار ایک دوسرے کے لیے کر سکتے ہیں وہ دعا ہے۔ اسی بنا پر دوسرے
ایمانداروں کے لیے مضبوطی کا سبب بنا جاسکتا ہے۔

خداوند میں اپنے آپ کو مضبوط کریں:

ا سیموئیل ۳۰: ۱۔۵ اور ایسا ہوا کہ جب داؤد اور اُس کے لوگ تیسرے دن صقلاج پہنچے تو دیکھا کہ عمالیقیوں نے جنوبی حصہ اور صقلاج پر
چڑھائی کر کے صقلاج کو مارا اور آگ سے پھونک دیا عورتوں اور جتنے چھوٹے بڑے وہاں تھے سب کو اسیر کر لیا ہے۔ انہوں نے کسی کو قتل
نہیں کیا بلکہ اُن کو لیکر چل دئے تھے۔ سو جب داؤد اور اُس لوگ شہر پہنچے تو انہوں نے دیکھا کہ شہر جلا پڑا ہے اور اُن کی بیویاں اور بیٹے بیٹیاں
اسیر ہوگئی ہیں۔ تب داؤد اور اُس کے ساتھ لوگ چلا چلا کر رونے لگے یہاں تک کہ اُن میں رونے کی طاقت نہ رہی۔ اور داؤد کی دونوں

بیویاں یزرعیلی اخینوم اور کرملی نابال کی بیوی ابجیل بھی اسیر ہوگئیں تھیں۔ اور داؤد بڑے شکنجہ میں تھا کیونکہ لوگ اُسے سنگسار کرنے کو تھے اس لیے کہ لوگوں کے دل اپنی بیٹے اور بیٹیوں کے لیے نہایت غمگین تھے پر داؤد نے خداوند اپنے خدا میں اپنے آپ کو مضبوط کیا۔ زبور ۴۲ میں غور کریں کیا لکھا ہے۔ آیات ۵۔۱۱ اے میری جان تو کیوں گری جاتی ہے تو اندر اندر ہی کیوں بے چین ہے خدا سے اُمید رکھ کیونکہ اُس کے نجات بخش دیدار کی خاطر میں پھر اُسکی ستائش کروں گا اے میرے خدا، میری جان میرے اندر گری جاتی ہے اس لیے میں تجھے یردن کی سرزمین سے اور حرمون اور کوہِ مصفاہ پر سے یاد کرتا ہوں تیرے آبشاروں کی آواز سے گہراؤ گہراؤ کو پکارتا ہے تیرے سب موجیں میرے اُوپر سے گذر گئیں تو بھی دن کو خداوند اپنی شفقت دکھائے گا اور رات کو میں اُس کا گیت گاؤں گا بلکہ اپنی حیات کے خدا سے دعا کروں گا میں خدا سے جو میری چٹان ہے کہوں گا تو مجھے کیوں بھول گیا میں اپنے دشمن کے ظلم کے سبب سے کیوں ماتم کرتا پھرتا ہوں میرے مخالفوں کی ملامت گویا میری ہڈیوں میں تلوار ہے کیونکہ وہ مجھ سے برابر کہتے ہیں تیرا خدا کہاں ہے اے میری جان تو کیوں گری جاتی ہے تو اندر ہی اندر کیوں بے چین ہے۔ خدا سے اُمید رکھ کیونکہ وہ میرے چہرے کی رونق اور میرا خدا ہے۔

حاصل کلام:

عزیزو، کلام مقدس میں ہمیں کہا گیا ہے کہ دعا کرنے میں مستعدرہیں ایک دوسرے کا بار اُٹھائیں اور اپنے آپ کو خداوند میں مضبوط کریں۔ رومیوں ۸: ۳۱۔۳۹ پس ہم ان باتوں کی بابت کیا کہیں اگر خدا ہماری طرف ہے تو کون ہمارا مخالف ہے؟ جس نے اپنے ہی بیٹے کو دریغ نہ کیا بلکہ ہم سب کی خاطر اُسے حوالہ کر دیا اور اُس کے ساتھ اور سب چیزیں بھی ہمیں کس طرح نہ بخشیگا۔ خدا کے برگزیدوں پر کون نالش کرے گا خدا وہ ہے جو اُن کو راستباز ٹھہراتا ہے کون ہے جو مجرم ٹھہرائے گا۔ یسوع مسیح وہ ہے جو مر گیا بلکہ مُردوں میں سے جی اُٹھا اور خدا کی دہنی طرف ہے اور ہماری شفاعت بھی کرتا ہے کون ہم کو مسیح کی محبت سے جُدا کرے گا مُصیبت یا تنگی یا ظلم یا کال یا ننگا پن، یا خطرہ یا تلوار؟ چنانچہ لکھا ہے کہ ہم تیری خاطر دن بھر جان سے مارے جاتے ہیں ہم تو ذبح ہونے والی بھیڑوں کے برابر گنے گئے مگر ان سب حالتوں میں بھی ہمیں فتح سے بڑھ کر غلبہ حاصل ہوتا ہے کیوں کہ خدا کی محبت جو ہمیں یسوع مسیح میں حاصل ہے اُس سے ہمیں کوئی جدا نہیں کرتا سکتا۔ خداوند آپ کو برکت دے اور مضبوط رکھے۔ آمین۔